سوال

(322) کیا ایک عمارت میں اس طرح کرنا جائز ہے' جب کہ ہر مذہب والوں کے لئے ایک عمارت کا الگ حصہ مخصوص ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا ایک عمارت میں اس طرح کرنا جائز ہے' جب کہ ہر مذہب والوں کے لئے ایک عمارت کا الگ حصہ مخصوص ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر مسلمانوں کے لئے یہ ممکن ہو کہ وہ اپنے لئے عبادات کی ایک جگہ متعین کر کے اسے مسجد بنا لیں اور وہ عمارت دوسرے مذاہب والوں کے ساتھ مشترک نہ ہو' تو ایسا کرنا ضروری ہے' ورنہ جہاں ہوسکے وہاں اللہ کی عبادت ادا کرلیں اگرچہ مسلم اور غیر مسلم ایک ہی چھت کے نیچے عبادت کرتے ہوں۔ خواہ وہ جگہ مسلمانوں کیلئے مخصوص ہو یا نہ ہو' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ... ١٦... التغابن

''جتنا ہوسکے اللہ سے ڈرو''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ